رائے عامہ سروے

## ہسٹری پولز

# 2006 سے 2022 کے دوران خصوصی طور پر قصائی کی دکان سے تازہ گوشت کی خریداری کرنے والوں کی شرح میں 6% کی کمی آئی ہے، چونکہ لوگوں کا فریزڈ گوشت یا مکس یعنی تازہ اور فریزڈ دونوں طرح کے گوشت کی خریداری کا رجحان بڑھ گیا ہے۔

(گیلپ اور گیلانی پاکستان ہسٹری پروجیکٹ)۔

(اسلام آباد) 20، جولائی 2022،


سال 2006 میں کیے گئے گیلپ اینڈ گیلانی پاکستان نیشنل سروے میں پاکستان بھر سے شماریاتی طور پر منتخب بالغ خواتین و حضرات سے مندرجہ ذیل سوال پوچھا گیا تھا کہ **"عام طور پر آپ کے گھر میں گوشت (مرغی، بکرا، گائے) تازہ یعنی قصائی کی دکان سے لیا جاتا ہے یا فریزڈ، (پہلے سے کاٹ کر فریزر میں رکھا ہوا گوشت)؟"**۔اس سوال کے جواب میں، 81% جواب دہندگان کا کہنا تھا کہ اُن کے گھر میں گوشت تازہ یعنی قصائی کی دکان سے لیا جاتا ہے، 11% جواب دہندگان کا کہنا تھا کہ اُن کے گھر میں فریزڈ یعنی پہلے سے کاٹ کر فریزر میں رکھا ہوا گوشت لیا جاتا ہے، جبکہ 8% جواب دہندگان کا کہنا تھا کہ جو گوشت بھی مل جائے لے آتے ہیں۔

**نتائج کا موازنہ:** یہ سوال 2022 میں دوبارہ پوچھا گیا تاکہ گزشتہ سالوں کے نتائج سے موازنہ کیا جا سکے۔ 2022 میں اس سوال کے جواب میں، 75% جواب دہندگان کے مطابق اُن کے گھر میں گوشت تازہ یعنی قصائی کی دکان سے لیا جاتا ہے، 10% جواب دہندگان کے مطابق اُن کے گھر میں فریزڈ یعنی پہلے سے کاٹ کر فریزر میں رکھا ہوا گوشت لیا جاتا ہے، جبکہ 13% جواب دہندگان کے مطابق جو گوشت بھی مل جائے لے آتے ہیں، تاہم 2% نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**گزشتہ سالوں کے نتائج کا موازنہ:** 2006 سے 2022 کے دوران خصوصی طور پر قصائی کی دکان سے تازہ گوشت کی خریداری کرنے والوں کی شرح میں 6% کی کمی آئی ہے، یہ شرح 2006 میں 81% تھی جو کہ کم ہو کر 2022 میں 75% ہو گئی۔ فریزڈ گوشت کی خریداری کرنے والوں کی شرح یکساں پائی گئی۔

اس پریس ریلیز کو گیلپ پاکستان کے تاریخی پراجیکٹ کے حصّے کے طور پر تشکیل دیا گیا ہے جس کا مقصد تاریخی تجرباتی اعداد و شمار کو وسیع تر سامعین تک پہنچانا ہے۔ مزید یہ کہ اس کا مقصد پاکستان میں عملی طور پر کی جانے والی فیصلہ سازی کو برقرار رکھنا اور اس کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

**"عام طور پر آپ کے گھر میں گوشت (مرغی، بکرا، گائے) تازہ یعنی قصائی کی دکان سے لیا جاتا ہے یا فریزڈ، (پہلے سے کاٹ کر فریزر میں رکھا ہوا گوشت)؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

## گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کا مقصد اور وجوہات:

بلال آئی گیلانی جو گیلپ پاکستان میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور گیلپ پاکستان ہسٹری پروجیکٹ کے ڈائریکٹر ہیں، اس پروجیکٹ کے مقصد کی وضاحت اس طرح کرتے ہیں: "گیلپ پاکستان 1979 (گذشتہ 40 سال) سے پاکستان میں سروے کر رہا ہے۔ اُس وقت سے لیکر گیلپ کے ہزاروں انٹرویورز نے اب تک لاکھوں کے قریب جوابدہندگان سے سروے کیے ہیں۔ 2014 میں، گیلپ پاکستان نے اپنے ماضی سے تعلق رکھنے والے اعداد وشمار نشر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کا حصہ ہے۔ یہ تمام کوشش اُن افراد کے لیے وقف کی گئی ہیں جو پاکستان کے مسائل کو عملی طور پر سمجھنا چاہتے ہیں"۔ گیلپ پاکستان کے تاریخی پروجیکٹ کی مزید معلومات کے لیے، رابطہ کریں caf@gallup.com.pk

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Wednesday, July 20, 2022**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2022

celebrating
42
years
of Gallup Pakistan
(1980-2022)